سوال

(35)قربانی کا بیمار جانور

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جناب میرے ایک دوست نے قربانی لی تھی، وہ جانور ابھی شدید بیمار پڑ گیا ہے اور لگتا نہیں کہ وہ بچ جائے اگر یہ جانور مر جاتا ہے تو پھر کیا ہوگا؟ کیا اسکو دوسرا جانور خریدنا پڑے گا؟ اس نے یہ جانور ۷۱۰۰۰ ہزار کا لیا تھا- اور اسکی مالی حالت دوسرے جانور لینے کی بالکل نہیں ہے ایک مفتی سے پوچھا ہے اس نے کہا ہے کہ اگر یہ جانور مر جائے تو جس طرح بھی ہو قربانی کرنی پڑے گی- کیونکہ یہ تم پر فرض ہے اب کیا کیا جائے برائے مہربانی جلدی جواب دیجیے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

راجح مسلک کے مطابق قربانی کرنا سنت موکدہ ہے، فرض یا واجب نہیں ہے۔ اگر یہ جانور مر جاتا ہے تو ان شاء اللہ نیت کے مطابق مالک کو ضرور ثواب ملے گا۔ اللہ تعالی آپ کے جانور کو صحت دے، اگر خدا نخواستہ یہ مر جاتا ہے اور بھائی کے پاس دوبارہ خریدنے کی طاقت نہیں ہے تو وہ بھائی اللہ کے ہاں معذور ہیں اور ان پر کوئی گناہ نہیں ہے۔ ہاں البتہ اگر بھائی دوبارہ جانور خریدنے کی طاقت رکھتے ہیں، بے شک سستا ہی خرید لیں، تو ان کو ضرور اس نیک عمل میں شریک ہونا چاہیے۔

ہذا ما عندي واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

کتاب الصلاۃ جلد 1